# منصب کے اموراوراہلیت

(Job Description & Specification)

| JOB/SQ/01 | | | |
|---|---|---|---|
| **کام کرنے کی جگہ**(Workplace) | پاکستان | **شعبہ**(Department) | قافلہ |
| **منصب**(Designation) | نگران مجلس | **جوابدہ**(Report to) | رکن شوریٰ |
| **کام**(Function) | عاشقان رسول کو 3 دن، 12 دن، 1 ماہ اور 12 ماہ کے قافلوں میں سفر کروانا | **ماتحت اسٹاف**<br>(Subordinate Staff) | شعبے کے تمام ذمہ داران |

## منصب کے کام - Job Description

1. شعبے کے تمام کاموں کی نگرانی (Supervision) کرنااور رکنِ شوری کو مکمل معاونت و معلومات (Information) فراہم کرنا۔
2. شعبے کیلئے اہل، تجربہ کار، تنظیمی طور پر مضبوط مجلس بنانا، اہل ذمہ داران کا تقرر کرنااور انکی مؤثر رہنمائی کے ذریعے ان سے کام لینانیز تقرری کاہر ماہ جائزہ لینا۔
3. جدول سافٹ وئیر میں پیشگی و عملی جدول انٹر کرنا، پیشگی جدول بنانے میں ماتحتوں کی رہنمائی کرنااور جدول چیک کرنا۔
4. طے شدہ نظام کے مطابق مدنی مشورے کرنا، مدنی مشوروں میں تیاری کیساتھ اول تاآخر شرکت کرنااور طے ہونے والے مدنی پھولوں کے اَہداف مکمل کرنا/ کروانا۔
5. بااثر افراد کے گھروں اور دفاتر میں مدنی حلقے لگانا نیز انہیں دعوت اسلامی کی دینی خدمات سے آگاہ کرنا/ کروانا۔
6. قافلہ میں سفر کرنااور 12 ماہ، 1 ماہ، 12 دن اور 3 دن کے قافلے تیار کرنا/ کروانا نیزاِن قافلوں کو طے شدہ سمتوں (Directions) پر سفر کروانا۔
7. 12 ماہ، 1 ماہ، 12 دن اور 3 دن کے قافلوں کا سروے (Survey) کروانااور دوران قافلہ آنے والے جملہ مسائل حل کروانے کے نظام کو مضبوط کرنا۔
8. علاقائی دورہ/ایک دن راہِ خدامیں سفر کرنے والے عاشقان رسول کو طے شدہ سمتوں/مقامات پر سفر کروانا۔
9. قافلے میں جانے کے لیے عاشقان رسول کی نیتیں نیت اپلیکیشن میں اپڈیٹ کروانا اور ذمہ داران کے ذریعے سفر کروانا۔
10. طے شدہ طریقہ کار کے مطابق قافلے میں سفر کرنے والے اجیر اسلامی بھائیوں کے اجارے شعبہ قافلہ میں ٹرانسفر کروانا اور قافلہ کے اخراجات کو مینج کروانا۔
11. بڑی راتوں کے اجتماعات میں شعبے کا بستہ (Stall) لگوانا۔
12. شعبے کے جملہ امور کی تکمیل وترقی کے لیے پلاننگ (Planning) کرنا نیز اس کا شرعی و تنظیمی رہنمائی اور مشاورت کیساتھ نفاذ (Implement) کرنا/ کروانا۔
13. شعبے کے ایس او پیز اور جاب ڈسکرپشنز (JD's) کا مطالعہ کرنا نیز کے پی آئیز (KPI's) سمجھنا/ سمجھانا اور تنظیمی معلومات واپڈیٹس سے آگاہ رہنا۔
14. اپنے ماتحت ذمہ داران کے ایچ آر (اجارہ) اور فنانس کے معاملات دیکھنا نیز شعبے سے متعلقہ موصول ہونے والی شکایات و تجاویز کو حل کرنا/ کروانا۔
15. شعبے سے متعلقہ تمام ریکارڈ اپڈیٹ رکھنا/رکھوانا اور طے شدہ کارکردگیاں چیک کرنا نیز مینول/سوفٹ ویئر میں درست اور بروقت انٹر کروانا۔
16. ای میلز، واٹس ایپ، کالز، میسجز چیک کرنااور بروقت (Timely) ریپلائی کرنا نیز منصب کے مطابق نگران کی طرف سے ملنے والے کام بروقت مکمل کرنا/ کروانا۔
17. شعبے میں شرعی رہنمائی کے لیے مقرر ذمہ دار کے ذریعے ماتحت افراد اور شعبے سے متعلق مسائل کی شرعی رہنمائی لینا۔

## منصب کی اہلیت - Job specification

- **دنیاوی تعلیم:** کم از کم مڈل یا ایم۔ایس۔آفس یا دعوت اسلامی کے تنظیمی سافٹ ویئر کی معلومات
- **دینی تعلیم:** ناظرہ قرآن پاک یا 26 دن قافلہ کورس کیا ہو یا 12 دینی کام کورس کیا ہو، امیر قافلہ بننے کی صلاحیت، اذکارِ نماز و مسائلِ نماز ٹیسٹ پاس ہو
- **تجربہ:**۔درس نظامی کیا ہو یا 12 ماہ کا قافلہ کیا ہو یا دعوت اسلامی کے دینی کاموں میں کم سے کم صوبائی سطح کا تجربہ ہو یا تبلیغی شعبہ جات میں سے کسی شعبہ میں 6 سال سے زائد کا تجربہ ہو۔
- People Management, Communication Skill, Adaptability & Flexibility, Leadership, Conceptual Skills, Rapport-building, Decision-making, Creativity, Problem-solving

## اپنی دنیا اور آخرت کو بہتر کرنے اور دعوتِ اسلامی کے دینی ماحول میں استقامت پانے کے لیے درجہ ذیل امور پر عمل کی کوشش فرمائیں۔

- روزانہ 2 گھنٹے 12 دینی کاموں بالخصوص مدنی مذاکرہ، نیک اعمال ، ہفتہ وار اجتماع اور بڑی راتوں کے اجتماعات میں شرکت فرمائیں نیز ماتحتوں کو بھی ترغیب دلائیں۔
- سنت کے مطابق لباس، داڑھی، زلفیں اور سفید عمامہ وغیرہ اپنائیں۔
- اپنے متعلقہ فرض علوم سیکھیں اور اپنے تحت ذمہ داران کو اسکا ذہن دیں۔
- شعبے کو خود کفیل کرنے کیلئے دیئے گئے (رمضان عطیات، ٹیلی تھون اور قربانی کی کھالوں وغیرہ کے) اہداف مکمل کرنے کی کوشش کریں۔
- عاشقانِ رسول (شخصیات) کے بچوں کا جامعۃالمدینہ، مدرسۃالمدینہ، دارالمدینہ، فیضان آن لائن اکیڈمی اور فیضان اسلامک اسکول سسٹم میں داخلہ کروائیں۔
- غمی خوشی کے مواقع (عیادت، تعزیت، کفن دفن اور شادی وغیرہ) میں شرکت کرنا نیز وقتاً فوقتاً علماء و مشائخ اور دنیاوی بااثر افراد سے ملاقات کریں۔
- شخصیات کو دعوت اسلامی کے اداروں (جامعۃالمدینہ، مدرسۃالمدینہ، دارالمدینہ، دارالافتاء اہلسنت، فیضانِ مدینہ) کا وزٹ کروائیں۔
- مکتبۃالمدینہ کی طرف سے شائع کردہ امیر اہلسنت کی تصنیفات اور اسلامک ریسرچ سینٹر (المدینۃالعلمیہ) کی دیگر کتب و رسائل عاشقانِ رسول میں تقسیم کریں۔